## رہبر معظم کا آیت اللہ انصاری شیرازی کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 5 /Jan/ 2015

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای نے اپنے ایک پیغام میں عالم ربانی آیت اللہ یحیی انصاری شیرازی کی رحلت پر تعزیت اور تسلیت پیش کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عالم ربانی ، حکیم اور عارف الہی مرحوم آیت اللہ آقائ حاج شیخ یحیی انصاری شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت پر مرحوم کے پسماندگان ، شاگردوں اور ارادتمندوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں۔

مرحوم کی با برکت عمر سراسر زہد و تقوی اور پرہیزگاری کا مظہر تھی ، جسےمرحوم نے علم اور الہی معارف کی ترویج میں صرف کیا، مرحوم کی نفسی طہارت اور پاکیزگی ان سب افراد پر عیاں تھی جو انہیں قریب سے جانتے تھے۔ اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحوم کی روح کے لئے رحمت اور مغفرت طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

15/دیماہ/1393